# 28-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی وزیرزراعت تملا ناگیشورراؤ نے عہدیداروں کوموثر اقدامات کرنے کی ہدایت دی تاکہ ریاست میں آئندہ مانسون فصل کے دوران بیجوں کی قلت نہ ہوا سے یقینی بنایا جاسکے۔

۲۔اکریسائٹ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ہیمانشو پاٹھک نے بتایا کہ اکریسائٹ نے تقریباً1200 اقسام کی فصلیں تیار کی ہیں جو کہ موسمیاتی تبدیلیوں اورخشک سالی میں بھی کارآمد رہے گی۔

۳۔مرکزی کابینہ نے مرکزی سرکاری ملازمین کوڈی اےاوروظیفہ یابوں کوبی آرکی اضافی قسط یکم جنوری 2025ء سے جاری کرنے کومنظوری دی ہے۔

۴۔محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ دنوں درجہ حرارت 44ڈگری سلسیس تک پہنچ سکتا ہے۔

TUMMALA:

ریاستی وزیرزراعت تملا ناگیشورراؤ نے عہدیداروں کوموثر اقدامات کرنے کی ہدایت دی تاکہ ریاست میں آئندہ مانسون فصل کے دوران بیجوں کی قلت نہ ہوا سے یقینی بنایا جاسکے۔ ریاستی وزیر نے آج حیدرآباد میں بیج کمپنیوں اورسینئر حکام کے ہمراہ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔کمپنیوں کی شراکت داری،حکومت کی پالیسی اور کسانوں تک بیجوں کی دستیابی کویقینی بنانے کے معاملے پرجامع بات چیت ہوئی۔

TEMPERATURE:

حیدرآباد کےمحکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ دنوں درجہ حرارت 44ڈگری سلسیس تک پہنچ سکتا ہے۔ جاریہ ماہ کے اختتام تک حیدرآباد میں بھی پارہ 40ڈگری سلسیس تک جانے کا امکان ہے۔ریاست کے 15 اضلاع کے لئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

MLC:

قانون سازاسمبلی کے رکن عامرعلی خان نے تلنگانہ حکومت پرزوردیا کہ ایس سی،ایس ٹی،بی سی طبقات کی طرز پر اقلیتوں کے لئے مائناریٹی اسٹڈی سرکلز تمام اضلاع میں قائم کئے جانے چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ان اسٹڈی سرکلز کی مدد سے اقلیتی نوجوان اعلیٰ تعلیم اورمسابقتی امتحانات کی تیاری کرسکتے ہیں۔عامرعلی خان نے بتایا کہ فی الحال مائناریٹی اسٹڈی سرکل صرف حیدرآباد میں قائم ہے۔جس کی وجہ سے اضلاع کے طلبا مناسب تربیت ورہنمائی سے محروم ہورہے ہیں۔انہوں نے زوردے کرکہا کہ دیہی علاقوں میں اقلیتی طلبا اسٹڈی سینٹر نہ ہونے کی وجہ بہتر مواقع حاصل نہیں کرپارہے ہیں۔

PADDY:

سدی پیٹ ضلع کے کلکٹر ایم منو چودھری نے عہدیداروں کو یاسنگی دھان کی خریدی کے لئے تیاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے 419 خریدی مراکز اپریل کے پہلے ہفتے سے اپنی سرگرمیاں شروع کردیں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ تمام مراکز اچھے معیار کی دھان بھی خریدیں اور درکار نمی کی سطح کے حصول کے ساتھ ہی دھان کو لوڈ کرنے کا عمل شروع کردیں تاکہ بارش کی وجہ سے اس میں تاخیر نہ ہوسکے۔کلکٹر نے کہا کہ جیسے ہی ٹیب انٹری کا عمل مکمل ہوگا دو سے تین دنوں کے اندر کسانوں کے کھاتوں میں رقم منتقل کردی جائے گی۔

RAJA NARSIMHA:

ریاستی وزیر صحت دامودر راجا نرسمہا کا کہنا ہے درج فہرست ذاتوں میں بُڈ نگا جنگا کمیونٹی معاشی اور اقتصادی طور پر کمزور ہے لہذا انھیں گروپ ون میں شامل کرتے ہوئے انھیں بہتر مقام دیا گیا ہے۔ سنگا ریڈی میں بڈ نگا جنگا کمیونٹی کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ ایس سی کی زمرہ بندی کی دہائیوں پرانی مانگ کو پورا کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بڈ نگا کمیونٹی میں خواندگی کی شرح کم ہے اور یہ معاشی طور پر کافی کمزور ہے۔اسی وجہ سے حکومت نے انھیں گروپ ون میں شامل کرتے ہوئے ان کی آبادی کے تناسب سے بڑھ کر تحفظات فراہم کئے ہیں۔راجہ نرسمہا نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں کے لئے بہت جلد نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا اور درجہ بندی کی بنیاد پر ملازمتیں مختلف طبقوں کے لئے محفوظ رہیں گی۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راؤ نے چین کی سرکردہ الیکٹرک وہیکل کمپنی بی وائی ڈی کی جانب سے تلنگانہ میں 10 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس دور اقتدار میں الیکٹرک وہیکل اور انرجی اسٹوریج سسٹم پالیسی متعارف کرنے کا یہ نتیجہ سامنے آیا ہے۔کے ٹی آر نے تلنگانہ میں بی وائی ڈی کے مینوفیکچرنگ پلانٹ کے قیام کے فیصلے پر مسرت کا اظہار کیا ہے۔بی آر ایس کارگذار صدر نے بتایا کہ دراصل سال 23-2022 کے دوران ہی سرمایہ کاری کی تجویز کو منظوری دی گئی تھی تاہم مرکزی حکومت کی جانب سے غیر ملکی پالیسی کے تحت چینی سرمایہ کاری پر عائد تحدیدات کی وجہ سے یہ عمل تعطل کا شکار تھا۔اس وینچر کے لئے اُس وقت بی وائی ڈی نے حیدرآباد کی کمپنی۔۔اولیکٹرا گرین ٹیک، کے توسط سے سرمایہ کاری کی تھی۔تاہم اب قواعد میں نرمی کے بعد بی وائی ڈی تلنگانہ میں اپنے منصوبے پر عمل پیرا ہوسکتی ہے۔ سابق ریاستی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ میں بی وائی ڈی کے آجانے سے ریاست کی الیکٹرک وہیکل پالیسیز کے دور اندیش نصب العین کو تقویت ملتی ہے۔

SEEDS:

منچر یال ضلع کے تانڈ ور ایس آئی کرن کمار کا کہنا ہے کہ جعلی کپاس کے بیجوں کے استعمال سے کسانوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ کسانوں میں جعلی بیجوں سے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کے لئے تانڈور میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ ایس آئی کرن کمار نے انتباہ دیا کہ جعلی کپاس کے بیج فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر محکمہ زراعت کے عملے کے ارکان اور کسانوں نے مل کر ایک ریلی نکالی۔

POCHAMPALLI:

یادادری بھوانگری ضلع کے پوچم پلی میں ہینڈلوم کاریگر بھدرادری سیتاراما کلیان فیسٹول کے لئے ریشم کے دھوتی اور ساڑیاں تیار کر رہے ہیں۔ بھدراچلم میں بھکتاراما داسو دھیانا نیلائم میں اس کی تیاری کی جا رہی ہے۔

BHAVITHA:

حکومت کی جانب سے بھویتا مراکز کا قیام کیا جا رہا ہے تا کہ معذورین اور خصوصی توجہ کے حامل بچوں کی تعلیم میں تعاون کیا جا سکے۔ سنگاریڈی ضلع کے ظہیر آباد، سداشیو پیٹ، سنگاریڈی، پٹن چیرو اور نارائن کھیڑ میں بھویتا مراکز قائم کئے جائیں گے۔ ہر مرکز کے لئے دو لاکھ روپیے کے فنڈ کو منظوری دی گئی ہے جس کے ذریعے ان بچوں کی تعلیمی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے سامان خریدا جائے گا۔

MKB:

وزیر اعظم نریندر مودی کے مقبول پروگرام من کی بات کا 120 واں اپی سوڈ 30 مارچ کو 11 بجے دن دوردرشن اور آل انڈیا ریڈیو کے تمام نیٹ ورکس پر نشر کیا جائے گا۔ اس اپی سوڈ میں قومی مسائل اور سماجی بیداری کے موضوعات پر بات ہوگی۔ 3 اکتوبر 2014ء کو من کی بات کا پہلا پروگرام نشر ہوا تھا تب سے ہی اس پروگرام نے مختلف موضوعات، سماجی مسائل، تعلیم، کھیل کود، سائنس، معاشیات، عوامی فلاحی اسکیمات اور شفافیت کے حوالہ سے اہم کردار ادا کیا ہے۔

DEVADULA:

ہنمکنڈہ ضلع کے دھرما ساگر منڈل کے سائی پیٹا گاؤں میں دیوادولا پراجکٹ کی پائپ لائن لیک ہونے سے بڑے پیمانے پر پانی کا اخراج ہو رہا ہے۔ پانی ضائع ہونے پر کسانوں نے سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس پائپ لائن کے ذریعہ دھرما ساگر پمپ ہاؤس سے گنڈی راما رام ذخیرہ آب تک پانی سربراہ کیا جاتا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ ایک الکٹرسٹی سب اسٹیشن پر موٹر اچانک بند ہونے کی وجہ سے پائپ لائن پر دباؤ بڑھ گیا جس سے پائپ لائن پھٹ پڑی۔ حکام کی جانب سے پانی کے رساؤ کو روکنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

CABINET:

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں آج مرکزی کابینہ کی میٹنگ ہوئی۔اس میٹنگ میں خریف سیزن 2025ء کے دوران فاسفیٹک اور پوٹاسک کھادوں پر این بی ایس شرحوں پر محکمہ فرٹیلائزر کی تجاویز کو منظوری دی گئی۔اس منظوری سے کسانوں کو سبسیڈی کی شرح پر اور رعایتی داموں میں کھادوں کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

CABINET - DA:

وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی کابینہ نے مرکزی سرکاری ملازمین کو ڈی اے اور وظیفہ یابوں کو بی آر کی اضافی قسط جاری کرنے کو منظوری دی ہے۔مہنگائی میں اضافہ کے تناظر میں بنیادی تنخواہ/وظیفہ کے موجودہ 53 فیصد سے دو فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے اور اس کا نفاذ یکم جنوری 2025ء سے ہوگا۔ ڈی اے اور ڈی آر میں اضافہ سے سرکاری خزانہ پر 6614.04 کروڑ روپے سالانہ کا بوجھ عائد ہوگا۔حکومت کے اس فیصلہ سے تقریباً 48.66 لاکھ مرکزی سرکاری ملازمین اور 66.55 لاکھ وظیفہ یابوں کو فائدہ پہنچے گا۔ساتویں سنٹرل پے کمیشن کی سفارشات کی بنیاد پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

Sound Byte

OWASI:

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تمباکو کے استعمال سے پرہیز کریں۔ مسجد وزیرعلی میں آج منعقدہ جلسہ یوم القرآن سے خطاب کرتے ہوئے اسدالدین اویسی نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ وقت کی اہمیت کو سمجھے اور اس کا صحیح استعمال کریں۔انہوں نے پابندی سے قرآن کی تلاوت کرنے کی تلقین کی۔حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سگریٹ، گٹکا، منشیات اور حقہ سے گریز کریں۔اسداویسی نے تمام بری عادتیں چھوڑ کر اللہ سے وابستہ ہونے کی تلقین کی۔

BODY:

این ڈی آر ایف نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے بھدراچلم میں عمارت کے ملبہ سے مزید ایک مزدور کی لاش برآمد کی ہے۔ مہلوک کی شناخت پی او پیندر کے طور پر کی گئی ہے اور نعش کو پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا۔مقامی ایم ایل اے پی وینکٹ راؤ نے مہلوکین کے لواحقین کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔انہوں نے وعدہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کو مکانات دئے جائیں گے اور خاندان کے ایک فرد کو آؤٹ سورسنگ ملازمت کیلئے کوشش کی جائے گی۔

FARMERS:

مرکزی حکومت نے آج راجیہ سبھا میں جانکاری دی کہ کسانوں کے شناختی کارڈ بالکل محفوظ ہیں اور کسانوں کی اجازت کے بغیر کسی ایجنسی یا تنظیم کو ان کا ڈاٹا فراہم نہیں کیا جائے گا۔ مرکزی وزیر زراعت و بہبودی کسان شیوراج سنگھ چوہان نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے زراعت سے متعلق تمام عمل کو یکجا کیا ہے اور ڈیجیٹل اگریکلچر مشن کے تحت کسانوں کو شناختی کارڈ دئے گئے ہیں۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ کسانوں کی خوشحالی کو یقینی بنانے اور زرعی شعبہ میں جدید کاری کے حوالہ سے یہ ایک انقلابی قدم ہے۔

ICRISAT:

اکریسائٹ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ہیمانشو پاٹھک نے بتایا کہ اکریسائٹ نے تقریباً 1200 اقسام کی فصلیں تیار کی ہیں جو کہ موسمیاتی تبدیلیوں اور خشک سالی میں بھی کارآمد رہے گی اور اس سے دنیا بھر میں کسانوں کو پیداوار میں اضافہ میں مدد ملی ہے۔ حیدرآباد میں اکریسائٹ کے ہیڈکوارٹر میں میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر ہیمانشو نے کہا کہ آئندہ برسوں میں 50 مما لک نے خشک علاقوں میں کھیتی کو یقینی بنانے کیلئے مزید اقسام کی فصلوں پر کام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید تکنالوجی جیسے اے آئی، بائیوفورٹیفائیڈ ٹکنالوجی کا استعمال کیا جائے گا اور اس عمل میں نوجوانوں اور خواتین کو شامل کیا جائیگا۔

FIRE:

ڈاکٹر بی آر امبیڈکر تلنگانہ سکریٹریٹ میں آج فائر موک ڈریل کا کامیابی سے انعقاد کیا گیا۔ سی ایس او پی دیویداس اسسٹنٹ کمانڈنٹ پون کمار، ایم ایس ریڈی، ڈی ایف او پی وینکٹ انا اور اے ڈی ایف او جی وی پرساد کی نگرانی میں یہ مشق کی گئی۔ اس دوران تلنگانہ اسٹیٹ اسپیشل پروٹیکشن فورس کے اہلکاروں کو آگ لگنے کی صورت میں کئے جانے والے اقدامات اور راحتی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

○○